# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 21 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن جاری؛ ریاست کے پانچ انتخابی حلقے بھی شامل۔

☆ ملک بھر کے سبھی انکم ٹیکس دفاتر آئندہ 29 تا31 مارچ تک تعطیلات کے دِن بھی کھلے رہیں گے۔

☆ رائے دہی فیصد میں اضافے اور رائے دہندگان میں بیداری کیلئے خواتین پہل کریں: چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی اپیل۔

اور۔۔ ☆ ہنگولی' ناندیڑ اور پربھنی ضلعے میں آج صبح زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن کل جاری کیا گیا۔ اس مرحلے میں ودربھ کے رام ٹیک، ناگپور، بھنڈارا۔ گوندیا، گڈچرولی۔ چیمور، اور چندرپور پارلیمانی حلقہ جات سمیت 17 ریاستوں اور چار مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے 102 حلقے شامل ہیں۔ ان تمام حلقوں میں 27 مارچ تک پرچہ نامزدگی داخل کیے جاسکتے ہیں، جبکہ 28 اپریل کو امیدواری عریضوں کی جانچ کی جائے گی اور 19 اپریل کو رائے دہی ہوگی۔ ناگپور پارلیمانی حلقہ انتخاب کیلئے کل پہلے دن ایک امیدواری عریضہ داخل کیے جانے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

کانگریس قائد راہل گاندھی پر ممبئی میں ایک جلسے میں لفظ شکتی کے بارے میں بیان دیکر مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچانے کا الزام بھارتیہ جنتا پارٹی نے عائد کیا ہے۔ اس سلسلے میں بی جے پی نے انتخابی کمیشن میں شکایت درج کر کے راہل گاندھی سے عوام سے بلا شرط معافی مانگنے اور مستقبل میں مذہبی دل آزاری پر مبنی بیانات نہ دینے کی یقین دہانی کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔

***** ***** *****

انتخابی کمیشن نے کرناٹک کے چیف انتخابی افسر کو مرکزی وزیر شوبھا کرندلاجے کے متنازعہ بیان کے سلسلے میں ضروری کارروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ دراوڑ منیترا کڑگھم (DMK) پارٹی نے مرکزی وزیر کرندلاجے پر تمل ناڈو سے متعلق قابل اعتراض تبصرہ کرنے کی شکایت انتخابی کمیشن میں درج کرائی تھی۔

دریں اثنا انتخابی کمیشن نے تمام ریاستوں کو ملک بھر سے سیاسی بینرس ہٹانے کی ہدایت دی ہے۔ ملک بھر میں کئی مقامات پر اب بھی سیاسی بینرس آویزاں ہونے کی شکایات موصول ہونے کے بعد کمیشن نے یہ ہدایت جاری کی۔

***** ***** *****

ملک بھر کے تمام انکم ٹیکس دفاتر آئندہ 29، 30 اور 31 مارچ کو تعطیل کے دِن بھی کھلے رہیں گے۔ سینٹرل بورڈ آف ڈائریکٹ ٹیکس نے کل یہ ہدایات جاری کیں۔ دریں اثناء رواں مالی سال میں براہ راست ٹیکس وصولیوں میں 18 اعشاریہ 74 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ وزارت خزانہ کی اطلاع کے مطابق 2022-23 کے مقابلے رواں مالی سال براہ راست ٹیکس وصولی 18 لاکھ 75 ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر 22 لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی ہے۔

***** ***** *****

بی جے پی رہنما اور نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ امراوتی پارلیمانی حلقے سے جو بھی امیدوار ہوگا وہ بی جے پی کے انتخابی نشان پر ہی انتخاب لڑے گا۔ پھڑنویس' کل اکولہ میں انتخابات کے پیش نظر انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔ اس موقع پر پارٹی کے ریاستی صدر چندر شیکھر باونکولے بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر و رکنِ پارلیمان سنیل تٹکرے نے بتایا ہے کہ مہایوتی یعنی (عظیم اتحاد) میں پارلیمانی نشستوں کی تقسیم سے متعلق بات چیت آئندہ ایک دو دن میں مکمل ہوجائے گی، اور جمعہ یا ہفتے کو پارلیمنٹ کی 48 نشستوں کی تقسیم کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔ تٹکرے کل ممبئی میں میڈیا نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ نشستیں جیتنے کیلئے ہم ہر بات پر غور وخوض کر رہے ہیں اور اسی وجہ سے نشستوں کی تقسیم میں ایک دو دن کی تاخیر ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے کل بلڈانہ ضلع کے سندھ کھیڑ راجا اور مہکر میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے غیر موسمی بارش اور ژالہ باری سے متاثرہ کسانوں کو اب تک معاوضہ نہ ملنے کے معاملے پر مرکزی اور ریاستی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے ترجمان اور رکنِ پارلیمان سنجے راوت نے کہا ہے کہ ان کا موقف ہے کہ ونچیت بہوجن اگھاڑی اور سوابھیمانی شیتکری سنگھٹنا مہاوکاس اگھاڑی میں شامل ہوں۔ راؤت کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں صحافیوں سے بات کر رہے تھے۔ انھوں نے واضح کیا کہ اس سلسلے میں مثبت بات چیت ہوئی ہے، اور کوئی بھی اڑیل موقف نہیں رکھتا، لہٰذا آئندہ ایک دو دنوں میں اس سے متعلق فیصلہ ہونے کا یقین انھوں نے ظاہر کیا۔

***** ***** *****

بھوشن گگرانی کو برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن کا کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ اسی طرح سوربھ راؤ کو تھانے کا میونسپل کمشنر اور کیلاس شندے کو نئی ممبئی کا میونسپل کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے کل یہ اعلان کیا۔ نئے کمشنروں پر کوئی بھی اضافی ذِمہ داری نہیں ہوگی۔

***** ***** *****

ہنگولی اور ناندیڑ اضلاع میں آج صبح زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ہنگولی ضلع کے بسمت، کلمنوری اور اونڈھا ناگناتھ تعلقہ کے کئی دیہاتوں میں صبح چھ بجکر سات منٹ اور چھ بجکر 19 منٹ پر زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زمین سے تیز آوازیں آنے کے بعد زمین ہلنے لگی جس سے شہری خوف کے مارے گھروں سے باہر نکل آئے۔ ہنگولی کے شعبۂ ہنگامی حالات کے ذرائع کے مطابق ریختر اسکیل پر پہلا جھٹکا چار اعشاریہ پانچ' جبکہ دوسرا جھٹکا تین اعشاریہ چھ شدت کا درج کیا گیا۔ اکھاڑہ بالاپور کے علاوہ ناندیڑ شہر اور ضلع کے کچھ حصوں میں بھی جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ناندیڑ شہر میں آج صبح چھ بجکر دس منٹ پر زمین کے اندر سے آواز کے ساتھ زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ اسی طرح ہنگولی ضلع میں زلزلے کے مرکز سے 60 کلومیٹر کے فاصلے پر بھی جھٹکے محسوس کیے گئے' پربھنی ضلع کے بھی متعدد مقامات پر زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوئے' جس سے مکانات کی دیواروں میں دراڑیں پڑ گئیں۔ تاہم ان میں کسی جانی نقصان ہونے کی اطلاع نہیں ہے۔

***** ***** *****

رائے دہی فیصد میں اضافے اور رائے دہندگان میں بیداری کیلئے خواتین پہل کریں۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے یہ مشورہ دیا ہے۔ وہ گزشتہ روز پیٹھن میں خواتین رائے دہندگان کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔

اس دوران ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کل پیٹھن میں انتخابی تیاریوں اور 31 مارچ کو ہونے والی ناتھ ششٹھی یاترا کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔ انھوں نے ناتھ ششٹھی یاترا میں آنے والے عقیدت مندوں کیلئے صفائی، نظم وضبط اور سہولیات فراہمی پر توجہ دینے کی انتظامیہ کو ہدایت کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے تمام سیاسی پارٹیوں اور آزاد امیدواروں کو انتخابی اخراجات کیلئے ایک نیا بینک اکاؤنٹ کھولنے اور انتخابی کمیشن کی ہدایات کے مطابق اسی اکاؤنٹ سے خرچ کرنے کی ہدایت دی ہے۔ وہ گزشتہ روز منعقدہ بینک مینیجرز کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

دریں اثنا، ناندیڑ ضلعے میں پولس انتظامیہ کی جانچ کارروائی کے دوران 49 تلواریں، 94 خنجر، سات گپتیوں سمیت تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپے مالیت کی اشیا ضبط کی گئیں۔ اس معاملے میں ایک ملزم کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ضلع میں گزشتہ چار دنوں کے دوران 44 لاکھ روپے کی نقد رقم، سات لاکھ روپے کی شراب اور 16 لاکھ روپے کا دیگر ساز وسامان ضبط کیا گیا۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات کے پیشِ نظر کل لاتور ضلع کے عہدیداروں اور ریاست کرناٹک کے بیدر ضلع انتظامیہ کا ایک مشترکہ اجلاس منعقد ہوا۔ لاتور ضلع کلکٹر دفتر میں منعقدہ اس باہمی اجلاس میں ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر۔گھوگے، پولس سپرنٹنڈنٹ سومئے منڈے اور دیگر افسران موجود تھے۔

***** ***** *****

چودار تلے ستیہ گرہ کے 97 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کو کل رائے گڑھ ضلعے کے مہاڑ میں ملک بھر سے آئے پیروکاروں نے خراجِ عقیدت پیش کیا۔ کل صبح رائے گڑھ پولس کی جانب سے بابا صاحب کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی اس موقعے پر بابا صاحب کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

چڑیوں کا عالمی دِن کل منایا گیا۔ چھترپتی سمبھا جی نگر انوائرمینٹل ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی جانب سے ماحولیات کی جانچ کرنے ایکزوتھرم لیب کے تعاون سے اسکولی طلبہ کو گھونسلوں کی تقسیم کا پروگرام منعقد ہوا۔

چڑیوں کے عالمی دِن کے موقعے پر لاتور میں درختوں پر رکھے گئے گملوں میں ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے کے ہاتھوں پرندوں کیلئے دانہ پانی رکھنے کی مہم شروع کی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے سے باہر مویشیوں کے چارے کی حمل ونقل پر ضلع انتظامیہ نے روک لگا دی ہے۔ ضلع کلکٹر دیپا مدھوڑ منڈے نے کل اس سے متعلق احکامات جاری کیے۔ ضلعے میں فی الحال 43 دِن کا ہی چارہ باقی بچا ہے اور چارے کی ممکنہ قلّت کے پیشِ نظر یہ احکامات جاری کیے گئے ہیں۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن جاری؛ ریاست کے پانچ انتخابی حلقے بھی شامل۔

☆ ملک بھر کے سبھی انکم ٹیکس دفاتر آئندہ 29 تا 31 مارچ تک تعطیلات کے دِن بھی کھلے رہیں گے۔

☆ رائے دہی فیصد میں اضافے اور رائے دہندگان میں بیداری کیلئے خواتین پہل کریں: چھترپتی سمبھاجی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی کی اپیل۔

اور۔۔ ☆ ہنگولی، ناندیڑ اور پربھنی ضلعے میں آج صبح زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****